کلام اللہ میں موجود قرآن پاک کے نام اور صفات پر مشتمل رسالہ

عظمۃ القرآن من اسماء الفرقان

بنام

اسمائے قرآن سے قرآن کی عظمت



کلام اللہ میں موجود قرآن پاک کے نام اور صفات پر مشتمل رسالہ

عظمۃ القرآن من اسماء الفرقان

بنام

اسمائے قرآن سے قرآن کی عظمت



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ایک مقولہ ہے: ”کَثْرَۃُ الْاَسْمَاءِ تَدُلُّ عَلٰی شَرَفِ الْمُسَمّٰی “یعنی کسی چیز کے زیادہ نام اس کی عظمت اور بزرگی کی دلیل ہیں۔ الاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی (یعنی اللہ پاک کے نام) اور اَسْمَاءُ النَّبِی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح قرآنِ پاک کے بھی کئی نام ہیں، جو قرآن و احادیث میں بیان کیے گئے ہیں۔ البتہ ان ناموں کی تعداد کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، بعض نے 32 بتائے ہیں، تو بعض نے 55 شمار کیے ہیں، جبکہ کچھ نے تو 90 سے بھی زائد کا قول کیا ہے۔

علمائے اصولِ فقہ کے نزدیک قرآن کی تعریف:

”قرآن مجید اللہ تعالی کا مُعجِز کلام ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عربی زبان میں نازل ہوا، یہ مصاحف میں لکھا ہوا ہے اور ہم تک تواتر سے پہنچا ہے، اس کی ابتداء سورت فاتحہ سے ہے اور اس کا اختتام سورۃ الناس پر ہے۔“

لفظِ قرآن:

مسلمانوں کی مقدس کتاب کو "قرآن" کہا جاتا ہے، یہ نام تاریخِ انسانی میں تمام مسلمان اور غیر مسلمین کے ہاں بہت ہی معروف ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ جس نے اس قرآن کو نازل کیا ہے، اس ذات نے بھی اس کتاب کا نام قرآن ہی رکھا ہے، اور یہ لفظ بذات خود قرآن میں 50 سے زیادہ مرتبہ ذکر ہوا ہے۔

www.dawateislami.net

قرآن کریم کے دیگر اسماء و صفات ذکر کرنے سے پہلے وہ مقامات ذکر کیے جاتے ہیں، جن میں لفظ "قرآن" آیا ہے:

نمبر شمار	آیت	حوالہ
01	شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ	سورہ بقرہ، آیت 185
02	اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ	سورہ نساء، آیت 82
03	وَ اِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِیْنَ یُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ	سورہ مائدہ، آیت 101
04	وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ	سورہ انعام، آیت 19
05	وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَ الْقُرْاٰنِ	سورہ توبہ، آیت 111
06	وَ مَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ یُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	سورہ یونس آیت 37
07	نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَاۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ	سورہ یوسف، آیت 03
08	وَ لَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ	سورہ حجر، آیت 87
09	فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ	سورہ نحل، آیت 98

www.dawateislami.net

	الرَّجِیۡم	
10	اِنَّ هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ یَهۡدِیۡ لِلَّتِیۡ هِیَ اَقۡوَمُ	سورہ بنی اسرائیل، آیت 09
11	وَ لَقَدۡ صَرَّفۡنَا فِیۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِیَذَّكَّرُوۡا	سورہ بنی اسرائیل، آیت 41
12	وَ اِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ جَعَلۡنَا بَیۡنَكَ وَ بَیۡنَ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسۡتُوۡرًا	سورہ بنی اسرائیل، آیت 45
13	وَ اِذَا ذَكَرۡتَ رَبَّكَ فِی الۡقُرۡاٰنِ وَحۡدَهٗ وَلَّوۡا عَلٰۤی اَدۡبَارِهِمۡ نُفُوۡرًا	سورہ بنی اسرائیل آیت 46
14	وَ الشَّجَرَةَ الۡمَلۡعُوۡنَةَ فِی الۡقُرۡاٰنِ	سورہ بنی اسرائیل ، آیت60
15	وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ	سورہ بنی اسرائیل، آیت 82
16	قُلۡ لَّئِنِ اجۡتَمَعَتِ الۡاِنۡسُ وَ الۡجِنُّ عَلٰۤی اَنۡ یَّاۡتُوۡا بِمِثۡلِ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لَا یَاۡتُوۡنَ بِمِثۡلِهٖ	سورہ بنی اسرائیل، آیت 88

www.dawateislami.net

17	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ	سورہ بنی اسرائیل، آیت 89
18	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ	سورہ کہف، آیت 54
19	وَقَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا	سورہ فرقان، آیت 30
20	وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَیْهِ القرآن جُمْلَةً وَّاحِدَةً	سورہ فرقان، آیت 32
21	طٰسٓ۔ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ	سورہ نمل، آیت 01
22	وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِیْمٍ عَلِیْمٍ	سورہ نمل، آیت 06
23	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَقُصُّ عَلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	سورہ نمل، آیت 76
24	وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖۚ	سورہ نمل، آیت 92

www.dawateislami.net

25	اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ	سورہ قصص، آیت 85
26	وَ لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ	سورہ روم، آیت 58
27	وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ لَا بِالَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ	سورہ سبا، آیت 31
28	صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ	سورہ ص، آیت 01
29	وَ لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ	سورہ زمر، آیت 27
30	وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِیْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ	سورہ حم السجدہ، آیت 26
31	وَ اِذْ صَرَفْنَاۤ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ	سورہ احقاف، آیت 29

www.dawateislami.net

32	قٓ ۚ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ	سورہ ق، آیت 01
33	وَ لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ	سورہ قمر، آیت 17
34	وَ لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ	سورہ قمر، آیت 22
35	وَ لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ	سورہ قمر، آیت 32
36	لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ	سورہ حشر، آیت 21
37	فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ	سورہ مزمل، آیت 20
38	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِیْلًا	سورہ دھر، آیت 23
39	وَ اِذَا قُرِئَ عَلَیْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا یَسْجُدُوْنَ	سورہ انشقاق، آیت 21
40	وَّ مَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ	سورہ یونس، آیت 61

www.dawateislami.net

41	لَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ	سورہ رعد، آیت 31
42	الٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ وَ قُرْاٰنٍ مُّبِیْنٍ	سورہ حجر، آیت 01
43	اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّیْلِ وَ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ	سورہ بنی اسرائیل ، آیت78
44	اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا	سورہ بنی اسرائیل، آیت 78
45	وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا	سورہ طہ، آیت 113
46	اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ	سورہ یس، آیت 69
47	قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ	سورہ زمر، آیت 28
48	كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ	سورہ حم السجدہ، آیت 03

www.dawateislami.net

49	وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ	سورہ حم السجدہ، آیت 44
50	وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا	سورہ شوری، آیت 07
51	فَقَالُوْۤا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا	سورہ جن، آیت 01
52	بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ	سورہ بروج، آیت 21

قرآن کریم کے دیگر اسماء وصفات:

قرآن مجید کے کچھ دیگر اسماء اور صفات بھی ہیں، جن کو اللہ تعالی نے اپنی لاریب کتاب میں ذکر کیا ہے۔

قرآن کے کُل کتنے اسماء ہیں؟ اس بارے میں علماء کے مختلف اقوال ذکر ہوئے ہیں۔ کسی نے قرآن کے 55 اسماء ذکر کیے ہیں، تو کسی نے 88 اور کسی نے 90 نام شمار کیے ہیں۔ مگر اِس حوالے سے اکثر علماء کا متفقہ فیصلہ یہ ہے کہ قرآن کے اصل نام صرف پانچ ہیں، باقی اُس کے صفاتی نام ہیں۔

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے ”الاتقان فی علوم القرآن“ میں ابو المعالی کے حوالے سے 55 نام بحوالہ آیات ذکر کیے ہیں۔

www.dawateislami.net

قرآن کریم کی مختلف شانوں اور عظمت کے اظہار کے لیے یہ نام آئے ہیں:

نمبر شمار	اسماء	وجہ تسمیہ	آیت مبارکہ	حوالہ
01	کتاب (جمع کرنا)	اس کا ایک معنٰی ہے جمع کرنا، کیونکہ قرآنِ پاک میں سارے علومِ اوّلین اور آخرین جمع ہیں۔	وَ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	سورہ دخان آیت 01
02	اَلْمُبِيْنِ (روشن)	اس کے معنٰی ہیں ظاہر کرنے والا، چونکہ یہ قرآن سارے شرعی احکام اور سارے علومِ غیبیہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ظاہر فرمانے والا ہے۔	وَ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	سورہ دخان آیت 01
03	كَرِيْمٌ (عزت والا)	یہ عزت والا قرآن ہے، کیونکہ یہ اللہ تعالٰی کا کلام اور اس کی وحی ہے اور اللہ تعالٰی نے اسے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ بنایا ہے۔	اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ	سورہ واقعہ آیت 77

www.dawateislami.net

04	کلام (کلام)	چونکہ اس میں اللہ کا کلام ہے۔	حَتّٰی یَسْمَعَ کَلٰمَ اللّٰہِ	سورہ توبہ آیت 06
05	نُوْرً (نور)	اسے کہتے ہیں جو خود بھی ظاہر ہو اور دوسروں کو بھی ظاہر کرے، چونکہ قرآن خود بھی ظاہر ہے اور اللہ پاک کے احکام اور انبیائے کرام کے احوال کو بھی ظاہر فرمانے والا ہے۔	اَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا	سورہ نسا آیت 174
06	ھُدًی (ہدایت دینا)	یہ کتاب لوگوں کو درست راہ کی ہدایت دیتی ہے۔	وَھُدًی وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ	سورہ یونس آیت 57
07	رَحْمَۃٌ (رحمت)	یہ کتاب عِلْم ہے اور علم اللہ پاک کی رحمت ہے۔	وَھُدًی وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ	سورہ یونس آیت 57
08	اَلْفُرْقَان	چونکہ قرآن حق و باطل کے درمیان	نَزَّلَ الْفُرْقَانَ	سورہ فرقان

www.dawateislami.net

	(فرق کرنے والی چیز)	فرق کرنے والا ہے۔	عَلٰی عَبْدِہٖ	آیت 01
09	شِفَآءٌ (شفا)	یہ ظاہری اور باطنی امراض سے شِفا دینے والی کتاب ہے۔	شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ	سورہ بنی اسرائیل آیت 82
10	مَوْعِظَةٌ (نصیحت)	یہ کتاب سب کو نصیحت کرنے والی ہے۔	هٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِیْنَ	سورہ آل عمران آیت 138
11	ذِکْرٌ (یاد دلانا)	قرآنِ کریم اللہ پاک اور اس کی نعمتوں کو یاد دلاتا ہے۔	وَهٰذَا ذِکْرٌ مُّبٰرَكٌ	سورہ انبیا آیت 50
12	مبارک (برکت والا)	چونکہ اس کے پڑھنے اور عمل کرنے سے ایمان اور چہرے کے نور میں برکت ہوتی ہے۔	وَهٰذَا ذِکْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ	سورہ انبیا آیت 50

www.dawateislami.net

13	علیٌّ (بلندی والا)	یہ تمام کتابوں سے اشرف و اعلیٰ ہے کیونکہ سب اس جیسی کتاب لانے سے عاجز ہیں اور یہ حکمت والا کلام ہے۔	وَاِنَّهٗ فِیْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَكِیْمٌ	سورہ زخرف آیت 04
14	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ (انتہا کو پہنچی ہوئی حکمت)	چونکہ یہ کتاب دینی اور دنیاوی حکمتوں سے بھرپور ہے۔	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ	سورہ قمر آیت 05
15	اَلْحَكِیْمِ (حکمت والی)	چونکہ یہ کتاب دینی اور دنیاوی حکمتوں سے بھرپور ہے۔	تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ	سورہ یونس آیت 01
16	مُهَیْمِنًا (محافظ و گواہ)	چونکہ یہ کتاب مسلمانوں کی دنیا اور آخرت میں مُحافظ ہے۔	اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَ مُهَیْمِنًا عَلَیْهِ	سورہ مائدہ آیت 48

www.dawateislami.net

17	حَبْل (رسی)	چونکہ اس کے ذریعے سے لوگ اللہ پاک تک پہنچتے ہیں۔	وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا	سورہ آل عمران آیت103
18	صِراط مستقیم (سیدھا راستہ)	اس پر عمل کرنے والا اپنی منزل پر بآسانی پہنچ سکتا ہے، جس طرح سیدھے راستے پر چلنے والا پہنچ جاتا ہے۔	وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ	سورہ انعام آیت153
19	قیّماً (عدل والی کتاب)	یہ دینی اور دُنیوی مصلحتوں کو قائم رکھنے والی انتہائی معتدل کتاب ہے۔	قَیِّمًا لِّیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ	سورہ کہف آیت02
20	قَوْلٌ (کلام)	چونکہ اس میں اللہ پاک کے بیان کردہ اقوال ہیں۔	اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ	سورہ طارق آیت13
21	فَصْلٌ	چونکہ یہ کتاب لوگوں کے آپس کے	اِنَّهٗ لَقَوْلٌ	سورہ

www.dawateislami.net

	(فیصلہ کردینے والا)	جھگڑوں کا فیصلہ کرنے والی ہے۔	فَصْلٌ	طارق آیت13
22	النَّبَاِ الْعَظِیْمِ (بڑی خبر)	چونکہ یہ کتاب عظیم و اہم امور کی خبریں دیتی ہے۔	عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ	سورہ نبا آیت02
23	اَحْسَنُ الْحَدِیْثِ (سب سے اچھی، نئی کتاب)	چونکہ دیگر آسمانی کتابوں اور صحیفوں کے بعد قرآن دنیا میں آیا، اس لیے یہ نیا ہے۔ عبارت اور معنی دونوں اعتبار سے سب سے اچھی کتاب ہے۔	اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ	سورہ زمر آیت 23
24	مَّثَانِیَ (دُہرے بیان والی)	کیونکہ اس میں احکام اور قصے بار بار آئے ہیں۔	اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ	سورہ زمر آیت 23
25	مُّتَشَابِهًا	یہ کتاب شروع سے آخر تک حسن و	اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا	سورہ زمر آیت

www.dawateislami.net

	(اول سے آخر تک ایک سی)	خوبی میں ایک جیسی ہے۔	مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ	23
26	تَنْزِيْل (بتدریج اتارنا)	یہ کتاب رب کی طرف سے بتدریج اُتاری ہوئی ہے۔	وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	سورہ شعرا آیت 192
27	روح (جاں فزا چیز)	اس کی تلاوت اور فہم سے ایمان میں جان پڑ جاتی ہے۔	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا	سورہ شوری آیت 52
28	اَلْوَحْی (وحی)	یہ کتاب رب کی طرف سے وحی کی گئی ہے۔	قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ	سورہ انبیا آیت 45
29	عَرَبِيًّا (عربی)	کیونکہ قرآن کا نزول عربی زبان میں ہوا۔	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ	سورہ یوسف آیت 02

www.dawateislami.net

30	بَصَآىِٕرُ (آنکھیں کھولنے والی دلیلیں)	چونکہ اس کتاب سے دِلوں میں نور پیدا ہوتا ہے۔علم وحکمت کے دروازے کُھلتے ہیں۔	قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ	سورہ انعام آیت 104
31	بَيَانٌ (ظاہر کرنے والا)	چونکہ یہ قرآن سارے شرعی احکام اور سارے علومِ غیبیہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ظاہر فرمانے والا ہے۔	هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ	سورہ آل عمران 138
32	اَلْعِلْم (علم)	تمام اقسام کا علم اس میں جمع ہوا۔	مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ	سورہ بقرہ آیت 145
33	اَلْحَقُّ (سچا)	چونکہ قرآن سچی بات بتاتا ہے، سچے رب کی طرف سے سچے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُترا ہے۔	اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ	سورہ آل عمران آیت 62

www.dawateislami.net

34	ھادی (راہ دکھانے والا)	یہ کتاب لوگوں کو درست راہ کی ہدایت دیتی ہے۔	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ	سورہ بنی اسرائیل آیت09
35	عَجَبًا (عجیب)	کیونکہ یہ ایسا نادر ہے کہ مخلوق کا کوئی کلام اس سے کوئی نسبت نہیں رکھتا۔	اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا	سورہ جن آیت 01
36	تَذْكِرَةٌ (نصیحت)	یہ کتاب سب کو نصیحت کرنے والی ہے۔	كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ	سورہ مدثر آیت54
37	اَلْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى (بڑی محکم گرہ)	یہ تمام لوگوں کے لیے مضبوط سہارا ہے۔	اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى	سورہ بقرہ آیت256
38	اَلصِّدْق (سچ)	چونکہ قرآن سچی بات بتاتا ہے، سچے رب کی طرف سے سچے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُترا ہے۔	وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ	سورہ زمر آیت 33

www.dawateislami.net

39	عَدْل (انصاف)	یہ تمام لوگوں میں عدل قائم کرنے والی کتاب ہے۔	وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا	سورہ انعام آیت 115
40	اَمْر (حکم)	چونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے نازل فرمائے ہوئے احکام ہیں۔	ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ	سورہ طلاق آیت 05
41	مُنَادِیًا (منادی)	چونکہ یہ کتاب ایمان واسلام کی طرف بلاتی ہے۔	رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِیْ لِلْاِيْمَانِ	سورہ آل عمران آیت 193
42	بُشْرٰی (بشارت)	یہ کتاب خوشخبریاں دیتی ہے۔	هُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ	سورہ بقرہ آیت 97
43	مَّجِيْدٌ (کمال شرف والا)	چونکہ اس کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ تمام کتابوں سے بڑا ہے اور وہ لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔	بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ	سورہ بروج آیت 21

www.dawateislami.net

44	بَشِیْراً (خوشخبری دیتا)	یہ کتاب خوشخبریاں دیتی ہے۔	بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ	سورۂ حم السجدہ آیت 04
45	نَذِیْرًا (ڈر سناتا)	کیونکہ یہ کتاب ڈراتی بھی ہے۔	بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ	سورۂ حم السجدہ آیت 04
46	عَزِیْزٌ (عزت والی، غالب)	قرآن سب پر غالب بھی رہا اور بے مثل بھی ہے۔	وَ اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ	سورۂ حم السجدہ آیت 41
47	بَلٰغٌ (حکم پہنچانا)	چونکہ یہ لوگوں تک اللہ پاک کے پیغام کو پہنچانے والا ہے۔	هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ	سورۂ ابراھیم آیت 52
48	اَحْسَنُ الْقَصَصِ (سب سے اچھا	چونکہ قرآنِ پاک نے انبیائے کرام	نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ اَحْسَنَ	سورۂ یوسف

www.dawateislami.net

	بیان)	علیہم السَّلام اور مختلف قوموں کے سچے قصے بیان کیے ہیں۔	الْقَصَصِ	آیت03
49	صُحُف (صحیفے)	قرآن کریم چونکہ صحیفوں میں لکھا ہوا ہے۔	فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ	سورہ عبس آیت13
50	مُّكَرَّمَةٍ (عزت والے)	یہ آیات ان صحیفوں میں لکھی ہوئی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت والے ہیں۔	فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ	سورہ عبس آیت13
51	مَّرْفُوْعَةٍ (بلندی والے)	یہ آیات ان صحیفوں میں لکھی ہوئی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک بلند قدر والے ہیں۔	مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ	سورہ عبس آیت14
52	مُّطَهَّرَةٍ (پاکی والے)	یہ آیات ان صحیفوں میں لکھی ہوئی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک پاکی والے ہیں کہ انہیں پاکوں کے سوا	مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ	سورہ عبس آیت14

www.dawateislami.net

		کوئی نہیں چھوتا۔		

♥♥عظمت بیاں ہو کیسے باری تعالی خود

جس کی کرے حفاظت قرآن پاک ہے♥♥

ماٰخذومراجع:

♦ یہ مضامین ان کتب سے ماخوذ ہیں:

1-الاتقان فی علوم القرآن۔

2-زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن۔

3-صراط الجنان۔

{تمّت بالخیر}

www.dawateislami.net